اَلْبُرُوْج

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ ۙ (١)	آسمان کی قسم جس میں برج ہیں۔
وَالْيَوْمِ الْمَوْعُوْدِ ۙ (٢)	اور اس دن کی جس کا وعدہ ہے۔
وَشَاهِدٍ وَّمَشْهُوْدٍ ؕ (٣)	اور حاضر ہونے والے کی اور اسکی جسکے پاس حاضر ہوتے ہیں۔
قُتِلَ اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ ۙ (٤)	ہلاک کر دیئے گئے خندقوں والے۔
النَّارِ ذَاتِ الْوَقُوْدِ ۙ (٥)	وہ آگ جھونک رکھا تھا ایندھن جس میں۔
اِذْ هُمْ عَلَيْهَا قُعُوْدٌ ۙ (٦)	جبکہ وہ اسکے (کناروں) پر بیٹھے ہوئے تھے۔
وَّهُمْ عَلٰى مَا يَفْعَلُوْنَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ شُهُوْدٌ ؕ (٧)	اور وہ جو (ظلم) کر رہے تھے اہل ایمان پر۔ وہ اسکا نظارہ کر رہے تھے۔

وَمَا نَقَمُوْا مِنْهُمْ اِلَّآ اَنْ يُّؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۙ﴿۸﴾	اور نہیں بدلہ لیا انسے مگر یہ کہ وہ ایمان لائے تھے اللہ پر جو غالب سب خوبیوں والا ہے۔
الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ۭ﴿۹﴾	وہ جس کی بادشاہی ہے آسمانوں اور زمین میں اور اللہ ہر چیز سے واقف ہے۔
اِنَّ الَّذِيْنَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَتُوْبُوْا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيْقِ ۭ﴿۱۰﴾	بیشك جن لوگوں نے تکلیفیں دیں مومن مردوں اور مومن عورتوں کو پھر نہ کی توبہ تو ان کو عذاب ہو گا دوزخ کا اور ان کو عذاب ہو گا جلنے کا بھی۔
اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ڛ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْكَبِيْرُ ﴿۱۱﴾	بیشك جو لوگ ایمان لائے اور کرتے رہے نیك کام ان کے لئے باغات ہیں بہ رہی ہیں جنکے نیچے نہریں یہی کامیابی ہے بڑی۔
اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيْدٌ ۭ﴿۱۲﴾	بیشك پکڑ تمہارے رب کی بہت سخت ہے۔
اِنَّهٗ هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيْدُ ۚ﴿۱۳﴾	بیشك وہی پہلی دفعہ پیدا کرتا ہے اور وہی دوبارہ زندہ کرے گا۔

وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ ۙ﴿۱۴﴾	اور وہ ہے بخشنے والا بہت محبت کرنے والا ۔
ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ ۙ﴿۱۵﴾	عرش کا مالک بڑی شان والا ۔
فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ؕ﴿۱۶﴾	سو کر ڈالتا ہے جو چاہتا ہے ۔
هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْجُنُوْدِ ۙ﴿۱۷﴾	کیا تمکو معلوم ہوا ہے حال لشکروں کا ۔
فِرْعَوْنَ وَثَمُوْدَ ؕ﴿۱۸﴾	فرعون اور ثمود (کا) ۔
بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ تَكْذِيْبٍ ۙ﴿۱۹﴾	بلکہ وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا جھٹلانے میں لگے ہیں ۔
وَّاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِيْطٌ ۚ﴿۲۰﴾	جبکہ اللہ انکو ہر طرف سے گھیرے ہوئے ہے
بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ۙ﴿۲۱﴾	بلکہ یہ قرآن عظیم الشان ہے ۔
فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ۧ﴿۲۲﴾	لوح محفوظ میں (لکھا ہوا) ۔